نوجوان	ف - مراہق - یافع - (ع) -
نواں -	نہم - (ف) تاسع - (ع) -
نو - ۹	نہ - (ف) - تسع - تسعہ (ع) -
نواسہ -	ف - نبیسہ - نبیرہ - (ف) - سبط - حافد - (ع) -
نوالہ -	لب - گراس - (ف) - لقمہ - طعمہ - میسر - اکلہ - (ع) -
نوکونی -	تسبع - (ع) -
نہانا -	غسل کردن - (ف) - اغتسال - (ع) -
نہیں -	نہ - نیست - (ف) - لا - نی - ما - لم - لیس - (ع) -
نہار منہ -	رایق - ریقا - ریق - (ع) -
نہاری -	ف - نہار - چاشت - ناشتا - پیش خورد - (ف) غدا - (ع) -
نہائی -	سندان - (ف) علاۃ - (ع) -

نہرنی۔	ناخن گیر۔ ناخن چین۔ ناخن پیرای (ف)، مِقص۔ منقاش۔ (ع)۔
نیا۔	نوَ۔ (ف)، جدید۔ طارف۔ حادث۔ طرے۔ (ع)۔
نیا کرنا۔	نوبر کردن۔ نوَ باوہ کردن۔ (ف)، ہو ادل۔ ابتکار یا بدرک (ع)۔
نیلا تھوتھا	توتیاے سبز۔ زاک سبز۔ (ف)، زاج الاخضر۔ (ع)۔
ینولا۔	راسو۔ (ف)، سرغوب۔ ابن عرس (ع)۔
نیلا۔	کبود۔ (ف)، ارزق۔ (ع)۔
نیچ۔	کمینہ۔ ناکس۔ (ف)، و ہم بہ لغت (پاجی)، دیدہ رود۔
نیند۔	اَب۔ (ف)، نوم۔ وسن۔ ہجوع۔ رُقاد۔ ہجود۔ (ع)۔
نیشکر۔	بہ لغت (گنا)، گذشت۔
نیا پھل	نوبر۔ نوباوہ۔ نورس۔ (ف)، باکورہ۔ (ع)۔
نیول۔	بالا بہ لغت (نیولا)، گذشت۔
نین۔	ب۔ بہ لغت (آنکھ)، دیدہ رود۔
نیبو۔	لیمون۔ (ف)۔
نیل گاؤ۔	نیلہ گاوٗ۔ (ف)، بقر وحشی۔ بقر دشتی۔ (ع)۔
نیچے۔	زیر۔ پائین۔ فرود۔ نشیب۔ پست۔ (ف)، حضیض۔ (ع)۔

باب الواو

وارنا۔	صدقہ کردن۔ (ف)، تصدق (ع)۔
واہ واہ۔	ف۔ وہ وہ۔ (ف)، چہ خوش۔ (ع)۔
واسطے۔	بہ لغت (لیے)، گذشت۔
ورغلانا۔	آغالیدن۔ برغلانیدن۔ (ف)، تحریص۔ حث۔ اِغزار۔ (ع)۔
ورق۔	ع۔ معروف است۔
وردی۔	شعار۔ (ع)۔
وزیر۔	بہ لغت (دیوان)، گذشت۔

لفظ	معنی
وصلی۔	ع۔ کاغذ چسپانیدہ۔ (ف)۔
وعدہ خلاف	ف۔ مخلف الوعدہ۔ (ع)۔
وعدہ۔	ع۔ میعاد۔ (ع)۔
وقت۔	ع۔ ہنگام۔ (ف)، زمان۔ حین۔ آن۔ اوان۔ (ع)۔
ویران۔	ف۔ ویرانہ۔ (ف)۔ خراب۔ خرب۔ (ع)۔

باب الہاء

لفظ	معنی
ہانپنا	دم برافتادن۔ دم گسستن (ف)۔ بُہر۔ انہار۔ (ع)۔
ہانکنا۔	راندن۔ (ف)، سوق۔ طرد۔ (ع)۔
ہاتھی دانت	دندان فیل۔ پیلستہ (ف)۔ عاج۔ (ع)۔
ہار۔	شکست۔ (ف)، ہزیمت (ع)۔
ہار۔	ف۔ گریوارہ۔ (ف)، حمایل۔ وشاح۔ عقد۔ تقصار۔ (ع)۔
ہاں۔	آرے۔ بلے۔ (ف)، نعم۔ (ع)۔
ہاون۔	ف۔ داروکوب۔ کاپیلہ۔ یا نہ۔ (ف)۔ مِہراس۔ ہاودن۔ منحاز (ع)۔
ہاتھ۔	دست۔ (ف)، ید۔ چنگ (ع)۔
ہانڈی۔	دیگ۔ (ف)، برمہ۔ (ع)۔
ہاتھی۔	پیل۔ فیل۔ (ف)، عیشوم۔ شمشل۔ عیہم۔ دغفل۔ (ع)۔
ہتوڑا۔	پتک۔ خایسک۔ (ف)۔ فطیس۔ (ع)۔
ہتیار۔ ہتھیار۔	ساز جنگ۔ (ف)، سلاح۔ حربہ۔ (ع)۔
ہتوڑی۔	چکش۔ خایسک۔ (ف)۔ صیت۔ مطرقہ۔ اُمیمہ۔ (ع)۔
ہتیلی۔	کف دست۔ ہیک۔ (ف)۔ کف۔ (ع)۔
ہتنی۔	پیل مادہ۔ فیلہ۔ (ف)، عیشوم۔ طلخام۔ (ع)۔
ہٹ کرنا۔	استبداد نمودن۔ (ف)۔ استبداد۔ اصرار۔ (ع)۔

ہجوم - ع - انبوہ - (ف) زحام (ع) -

ہچکی - ہکہنک - ہلک - (ف) فواق - (ع) -

ہد ہد - ع - مرغ سلیمان - شانہ سر - پوپس - بوبو - بوبیہ - بدبدک - (ف) -

ہڈی - استخوان - (ف) عظم - عظام - (ع) -

ہرنوٹا - آہوبرہ - (ف) غزال (ع) -

ہرا - سبز - (ف) اخضر - خضراء - (ع) -

ہرگز - زنہار - زینہار - (ف) اصلا - قطعًا - (ع) -

ہراول - ت - یزک - پیش آہنگ (ف) مقدمۃ الجیش - (ع) -

ہرتال - زرنیخ - (ع) -

ہرن - آہو - (ف) ظبی - (ع) -

ہرکارہ - ف - جاسوس - عین - (ع) -

ہڑبڑانا - دست و پا گم کردن - (ف) اضطرار - اضطراب - (ع) -

ہڑتال - بلغت (ہرتال) ویدہ رود -

ہزار - ف - الف (۱۰۰۰) الاف -

ہستہ - عوًا - (ع) -

ہکلانا - زبان گرفتہ شدن - زبان شکستہ شدن - (ف) - لکنۃ - حکلۃ - عجمۃ - (ع) -

ہگنا - ریدن - ریستن - (ف) تغوط - (ع) -

ہگمارنا - برپایچہ ریدن - شلوار ریدن - (ف) - ارماع - (ع) -

ہگوڑا - مخذرق - خذاق - سلاح - (ع) -

ہلنا - جنبیدن - (ف) - تحرک - مید - (ع) -

ہلکا - سبک - (ف) خفیف - (ع) -

ہلانا - جنبانیدن - (ف) تحریک - (ع) -

ہل - قلبہ - اماج - (ف) فدان - مالق - (ع) -

ہلدی - زرد چوب - (ف) عروق الصبغ اصابع الصفر - دُہرد - (ع) -

ہمسن - ف - ہمزولی - (ف) - سِن تربہ لِدۃ - (ع) -

ہمیشہ - ف - جاوید - بارہا - ہمواره پیوستہ (ف) دوام - مدام - ابدُ الدائم مستدام - موبد - لایزال لم یزل مخلد - (ع) -

ہمائے - ف - بلخ - (ع) -

ہنسنا - خندیدن - خنده کردن - آستین از دہن برداشتن - (ف) - ضحک - (ع) -

ہنہنانا - شنبہ کردن - (ف) شیہہ صہیل - (ع) -

ہنس مکھ - خندان - (ف) - بسام - ضحوک ضحاک - (ع) -

ہنڈوی - ہنڈی - شقتہ - (ف) سفتجۃ - (ع) -

ہنسلی - طوق نقره - طوق طلا طوق گلو (ف) - طوق - (ع) -

ہنسلی - چنبر گردن - (ف) ترقوه (ع) -

ہنسی - خنده - شکر خنده - (ف) ضحک تبسم - مزاح - (ع) -

ہوا - ع - باد - (ف) - صبا - ریح نسیم - شرط - صرصر - (ع) -

ہوا کھانا - کسب ہوا - کسب باد - (ف) تروح - (ع) -

ہوشیار - ف - زیرک - فرزانہ - (ف) فطن - حاذق - (ع) -

ہوش - ف - دانستق - (ف) - ادراک - (ع) -

ہوبہو - ف - ہوبہو - (ع) -

ہووه - ہودج - (ع) -

ہونٹھ - لب - (ف) - شفت - (ع) -

ہوائی - تیر چرخ - (ف) -

ہوتے ہوتے - آہستہ آہستہ - رفتہ رفتہ (ف)

	تدریج - قلیلاً قلیلاً - (ع) -
ہیرا -	ف - ماس - (ع) -
ہیجڑا -	آختہ - (ف) مخنث - ہیز - خصی - مجبوب - (ع) -
ہیراکسیس	زاج اخضر - (ع) -
ہینگ -	انگوزہ - (ف) - حلتیت - (ع) -
ہیضہ -	ع - بدہوا - (ف) - تخم - تخمہ - (ع) -

باب الیاء

یاقوت -	م - بہرام - بہرمان - (ف)
یاد -	ف - ذکر - ازبر - حفظ - (ع) -
یار -	ف - ہم نشست - ہم صحبت - ہمنشین - (ف) صاحب (ع) -
یتیم -	ع - پدر مردہ - مادر مردہ - (ف) - لطیم - اعجمے - (ع) -
یکا -	تنہا - (ف) - جریدہ - مجرد - منفرد - فریدہ - (ع) -
یک -	ف - فرد - واحد - احد - مفرد - (ع) -
یکایک	ناگاہ - ناگرفت - ناگہان - (ف) دفعتاً - بغتتہ - مفاجات - (ع) -
یومیہ -	ع - روزیانہ - روزینہ - روزانہ - (ف) کفاف - وظیفہ - ادرار - یوم - (ع) -
یہان	اینجا - (ف) ہہنا - (ع) -

فرہنگ الفاظ کتاب ہذا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

صفحہ (۷)

ف۱ ایک قسم کا پتھر کہ سفید اور چمکدار اور طبق بر طبق ہوتا ہی ۱۲ ف۲ نام تیرھوین منزل کا منازل قمر سے ۱۲ ف۳ نام اکیسوین منزل کا منازل قمر سے ۱۲ ف۴ نام چھبیسوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲
ف۵ ایک قسم کا مشہور بیج ہی ۱۲

صفحہ (۸)

ف۱ بدہضمی کو کہتے ہین ۱۲ ف۲ نام چھٹی منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ف۳ ایک قسم کا ساز ہی جسکو افلاطون نے وضع کیا ۱۲

صفحہ (۹)

ف۱ ایک قسم کا بہت بڑا سانپ ہی جو کہ حیوانونکو اپنی دُم سے کھینچکر نگل جاتا ہی ۱۲

صفحہ (۱۰)

ف ۱ نام نوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ف ۲ نام پہلی منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲
ف ۳ لقمہ وغیرہ کا منھ سے باہر نکالنا ۱۲

صفحہ (۱۱)

ف ۱ فضلہ منھ سے نکالنا عموماً پان تھوکنا ۱۲ ف ۲ ایک رسی ہوتی ہی جس سے گھوڑیکو باندھتے ہین ۱۲ ف ۳ ایک قسم کا نی ہی جو کہ چروا ہے بجاتے ہین ۱۲ ف ۴ عورتونکا سینہ بند جسمین کہ چوچیان باندھتی ہین ۱۲ ف ۵ بچونکو دودھ دینے والی عورت ۱۲

صفحہ (۱۲)

ف ۱ نام ستر ھوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ف ۲ جو کے برابر ایک بج ہوتا ہی ۱۲

صفحہ (۱۳)

ف ۱ وہ برف کے گولے جو کہ آسمان سے گرتے ہین ۱۲ ف ۲ وہ جگہہ جہان کہ آگ جلاکر اینٹین وغیرہ بناتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۴)

ف ۱ معدہ حیوانونکا جسمین کہ بعد کھانے غذا اور پانیکے جمع رہتا ہی ۱۲ ف ۲ کسی شخص کی آمد و رفت کی آواز جسکے دیکھے بغیر سُنے مین آوے ۱۲ ف ۳ وہ جماعت جو کہ گائے کو پالتی اور اسکا دودھ کو نچوڑتی ہی ۱۲ ف ۴ وہ فرزند جسکی مان بغیر اُس لڑکے کے دوسرا لڑکا نہ رکھتی ہو ۱۲ ف ۵ گھوڑے کی گردن کے بال ۱۲ ف ۶ تانا کا ضد ۱۲

صفحہ (۱۵)

ف ۱ سوتے وقت اوڑھنے کا کپڑا ۱۲ ف ۲ مرفق سے شانہ تک ۱۲ ف ۳ ایک قسم کا غلہ جو مشہور ہی ۱۲ ف ۴ تیغ اور خنجر وغیرہ کی تیزی ۱۲

صفحہ (۱۶)

۱ ایک شکاری مرغ ہی ۱۲ ۲ وہ عورت جو بچے نہ جنتی ہو ۱۲ ۳ پشمین وغیرہ کا جامہ جو کہ پانی کو روکتا ہی ۱۲ ۴ تیہو سے زیادہ چھوٹا ایک شکاری مرغ ہی ۱۲ ۵ وہ آگ جو آسمان سے زمین پر گرتی ہی ۱۲ ۶ آسمان پر چمکنے والی چمکاہٹ ۱۲

صفحہ (۱۷)

۱ گاے کا بچہ ۱۲ ۲ گھوڑیکا بچہ ۱۲ ۳ ایک مشہور دوا ہی ۴ وہ اوزار جس سے کہ بڑھئی اور ٹھرگن وغیرہ سوراخ بناتے ہین ۱۲ ۵ یہ چھٹوین آسمان پر سات سیارون مین سے ایک ستیارہ ۱۲

صفحہ (۱۸)

۱ ایک طور کی شیرینی جو کہ شکر اور دودھ سے بناتے ہین ۱۲ ۲ ایک طرح کا کوتاہ نیزہ ہی جسکا سنان کشادہ ہوتا ہی ۱۲ ۳ نام سولھوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ۴ جو گوشت کہ زنخ کے نیچے لٹکا رہتا ہے ۱۲ ۵ کسی کی مصیبت پر آپ شاد ہونا ۱۲

صفحہ (۱۹)

۱ ایک چیز ہی بھوسی کے مانند مردون کے سر و زمین خشکی کی وجہ سے پیدا ہوتی ہی ۱۲
۲ ایک مرغ ہی دراز گردن تالاب اور ندیون کے کنارو زمین بیٹھکر مچھلی کا شکار کرتا ہی ۱۲
۳ جو ہوا ستون کے مانند زمین سے آسمان کی طرف چلی جاتی ہی ۱۲ ۴ جو بطور شیشے کے پانی کے برسنے کے وقت پانیکے اوپر ابھر آتا ہی ۱۲ ۵ ایک طرح کا زیور ہی جو عورتین دیور ناک مینی سے لٹکاتی ہین ۱۲ ۶ جانوران وحشی کے رہنے کے سوراخ کو کہتے ہین ۱۲

صفحہ (۲۰)

ف۱ ایک سبزی کا نام جو مشہور ہی ۱۲ ف۲ ارہ کھینچتے وقت لکڑی کا برادہ جو نکلتا ہی ۱۲ ف۳ ایک طرح کا غذا ہی جو ہندوستان مین بیگن کو گھی مین بھونکر چھاچھ مین ڈالتے ہین ۱۲

صفحہ (۲۱)

ف۱ ایک طرح کا کالا کیڑا جو مشہور ہے ۱۲ ف۲ گیہون یا جو وغیرہ کے پوست کو کہتے ہین ۱۲ ف۳ وہ مرد جسکی عورت دوسرونکے پاس جاے اور وہ اسکی کمائی کھائے ۱۲ ف۴ رنگ اور گرد آلود خاک ۱۲ ف۵ اہل ہند کا ایک قسم کا کھانا ہی جو چاول پانی مین جوش دیکر کھاتے ہین ۱۲

صفحہ (۲۲)

ف۱ دریا مین کا ساکن جاے جہان کا پانی چرخ مارتا ہی ۱۲ ف۲ نیزہ اور تیر کا نوک اور اسی طور کے اسکو کہتے ہین ۱۲

صفحہ (۲۳)

ف۱ ہندوستان مین بعض عورتین ہین عیاری اور مکاری سے چیزونکو انکے برخلاف دکھلاتی ہین ۱۲ ف۲ ایک قسم کا مشہور میوہ ہی ف۳ ایک مشہور مرغ ہی ۱۲ ف۴ نام دوسری منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ف۵ انگلیون کے موافق ایک قسم کی ترکاری ہی ۱۲ ف۶ ایک مرغ ہی چڑیا کے موافق کو چک اپنا گھونسلا نرم خس وخاشاک سے بطور رموز کے بناکر جھاڑ کی شاخون سے لٹکاتا ہی ۱۲ ف۷ کچھ ایک نقد مشتری بیع کے وقت بائع کو دنیا ہی تاکہ اس سے انعقاد بیع قرار پاوے ۱۲ ف۸ مرغون کے فضلے کو کہتے ہین ۱۲

صفحہ (۲۴)

۱ وہ شخص جو کہ بیمارونکا علاج کرتا ہی ۱۲ ۲ کنار کے جھاڑ کا پھل ۱۲ ۳ ہر ایک
جھاڑ کو کہتے ہین جسکا پیڑ اُٹھا ہوا نہو جیسے خربوزہ اور کدو کا جھاڑ ۱۲ ۴ ایک میوہ ہی ۱۲
۵ ایک لکڑی ہوتی ہی کہ ہر دو سرے اُسکے باریک اور درمیان مین موٹا جس سے روٹی کو
کشادہ کرتے ہین ۱۲ ۶ ایک جھاڑ کا پھل ۱۲

صفحہ (۲۵)

۱ ہڈیکا پانسہ جس سے نرد کھیلتے اور وہ پانسہ جسکو رمّال ڈالتے ہین ۱۲
۲ نقل مکان اور وہ عبارت ہی اُس سے کہ سفر کے ارادے سے اپنی جا سے دوسری جگہہ
پر جاوے ۱۲ ۳ لوہیکا ایک جامہ ہی لڑائی کے دن گھوڑیکو پہناتے ہین ۱۲
۴ ایک مشہور ترکاری ہی ۱۲

صفحہ (۲۶)

۱ وہ چیز جو گدے اور اونٹ کی پیٹھ پر ڈالکر اُسپر سوار ہوتے ہین ۱۲ ۲
شلوار یعنے ازار جسمین ایک پانوئن ہو ۱۲ ۳ یہ لغت پرتگیش ہی اُردو زبان مین
مستعمل ہوا نصاریونین سے ایک گروہ ہی ۱۲ ۴ ایک عضو ہی جسمین صفرا
رہا کرتا ہی ۱۲ ۵ غلیظ کا خلاف ۱۲

صفحہ (۲۷)

۱ وہ چیز جس سے کھیلتے ہین ۱۲ ۲ گلوبند کو کہتے ہین جو حیوانات کی گردنمین
باندھتے ہین ۱۲ ۳ وہ ایک بسیط سفید اعضا ہی کہ حس اور حرکت اور مضبوطی
اعضا کی اُس سے ہی ۱۲ ۴ پاٹھیکا مخفف ہی بمعنی بچہ مرغان ۱۲ ۵ طبق کے
طور پر ایک صندوق ہی جسکے اوپر چمڑا منڈھا ہو یا نہو ۱۲ ۶ وہ جاے جہان اینٹ

پکلتے ہین ۱۲ ۷ غلے کو سوب یعنے غلہ افشان سے پاک کرنا ۱۲ ۸ گھوڑا اور گدھا اور اونٹ کے پچھلے پیر کو باندھنے کی رسی ۱۲

صفحہ (۲۸)

۱ ایک قسم کی روٹی ۱۲ ۲ سرہ اور ناسرہ کو دریافت کرنا ۱۲ ۳ یہ لفظ مشہور ہی ۱۲ ۴ عبارت اُس خط سے ہی جوکہ سوار اور پیادے صف سے کھڑے رہنے سے پیدا ہوتا ہے ۱۲

صفحہ (۲۹)

۱ کندھے اور چھاتی پر سے ڈالنے کا شمشیر بند ۱۲ ۲ کاغذ کا وہ پرچہ جسمین کچھ رکھکر لپیٹتے ہین ۱۲ ۳ وہ گوشت کا ٹکڑا جو حلق کے اندر لٹکا رہتا ہی ۱۲ ۴ وہ شخص جو غلے کو آٹا بناتا ہی ۱۲ ۵ ایک کیڑا ہی جون سے زیادہ چھوٹا ۱۲ ۶ ایک مشہور میوہ ہی ۱۲ ۷ بازو کی ہڈی ۱۲ ۸ معنی اسکے فرزندان بعد فرزندونکے ہوتی ہی ۱۲ ۹ ہر چیز کا وہ مقدار جو پیٹھ پر اوٹھا سکتے ہین ۱۲

صفحہ (۳۰)

۱ گوشت وغیرہ کی قسم سے پکانا ۱۲ ۲ کسی چیز کو پکانا ۱۲ ۲ نام آٹھوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ۳ ترازو کا ایک طرف ۱۲ ۴ ایک طرح کا چھوٹا تخت جسکو ہندی مین چوکی کہتے ہین ۱۲ ۵ وہ لکڑا ہین جو ندیون اور نالون پر آدمیان گذرنیکے لیے باندھتے ہین ۱۲ ۶ یہ لفظ مشہور ہی ۱۲ ۷ وہ شخص جو روئی سے اُسکے دانے دور کرتا ہی ۱۲

صفحہ (۳۱)

۱ وہ شخص جو دوائین بیچتا ۱۲ ۲ نام ساتوین منزل کا منازل قمر سے ۱۲ ۳ نام ...

منزل کا منازل قمر سے ۱۲ ۴ نام چھبیسوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ۵ نام گیارھوین
منزل کا منازل قمر سے ۱۲ ۶ مرغونکے لیے ایک چیز ہی مانند معدے کے ۱۲ ۷ جانورونکا
دم ۸ ایک قسم کی روئیدگی ہی ۱۲ ۹ ایک قسم کی روٹی جو مشہور ہی ۱۲

صفحہ (۳۲)

۱ ہلنا اعضا کا ریح کے بند ہونیکی وجہ سے ۱۲ ۲ مرغ کا گرفت کے وقت دام مین تڑپڑانا ۱۲
۳ تنگی کے سبب سے ایک چیز دوسری چیز مین گرفت ہونا ۱۲ ۴ شمشیر اور خنجر وغیرہ کے
لوہے کو کہتے ہین ۱۲ ۵ متخلل ایک اعضا ہی سینہ مین ۱۲ ۶ جس کھانیمین کہ نمک ڈالتے ہون ۱۲
۶ ایک اعضا ہی جسمین مرد اور حیوانونکا پیشاب رہتا ہی ۱۲ ۷ جوڑیکا خلاف ۱۲

صفحہ (۳۳)

۱ خربزہ اور ترکاری وغیرہ کا ٹکڑا ۱۲ ۲ جو ہوا کہ منہ سے کسی چیز پر مارین ۱۲ ۳
جو لوہا ہل کی لکڑی مین نصب کرکے زراعت کی زمین کو اُس سے شیار کرتے ہین ۱۲ ۴
سانپ کا سر جو غصہ وغیرہ کے اوقات کفچے کے طور پر ہوتا ہی ۱۲ ۵ ایک چیز ہی مدور چرم
وغیرہ کا جسکو ڈورے رستی مین پروکر دونون ہاتھونسے پھراتے ہین تاکہ اُس سے آواز نکل آوے
۱۲ ۶ جو ہوا نیچے سے بغیر صدا کے نکل آتا ہی ۱۲ ۷ وہ سفید نقطہ جو آنکھ مین گرتا ہی ۱۲
۸ ایک قسم کا زیور ہی کہ عورتین بازو پر باندھتی ہین ۱۲

صفحہ (۳۴)

۱ شمشیر کی نوک کی جانب سے ایک ہاتھ کا تعداد ۱۲

صفحہ (۳۵)

۱ ہلکی غنودگی گویا مقدمہ خواب کا ہی اور یہ اکثر افیونیونکو رہتا ہی ۱۲ ۲ ایک برتن ہوتا ہی

پانی مُنھ مین لیکر جسمین تھوکتے ہین ۱۲ ۳ تانبے کا سکہ مشہور ہی ۱۲ ۴ ایک قسم کا زرد چوب ہی جس سے رنگتے ہین ۱۲

صفحہ (۳۶)

۱ انتڑی سے بنائے ہوئے ڈورے جس سے کمان کا چلّہ بناتے ہین ۱۲ ۲ مُنھ کی چھت کو کہتے ہین ۱۲ ۳ زینہ سرکہ حالت شیرخوارگی مین متحرک ہوتا ہی ۱۲ ۴ وہ تپ جو ایک روز درمیان دیکر آوے ۱۲

صفحہ (۳۷)

۱ ایک مشہور جانور ہی ۱۲ ۲ جو مشہور ہی ۱۲ ۳ لفظ نعت کے معنی اگرچہ مطلق وصف کے ہین لاکن اکثر اس لفظکا استعمال مطلق رسول اللہ صلعم کی ستایش اور ثنا مین آیا ۱۲ ۴ گوے گریبان مشہور ہی ۱۲

صفحہ (۳۸)

۱ وہ سیاہ نقطہ جو چہرہ پر ہوتا ہی ۱۲ ۲ ایک قسم کا دانہ ہی سیاہ اور سفید جس سے تیل نکالتے ہین ۱۲ ۳ فقیری - خواری - عاجزی - حاجت ۱۲

صفحہ (۳۹)

۱ تابدادہ پنبہ یا ریسمان ۱۲ ۲ ایک جھاڑ کا پھل ہی مشہور ۱۲ ۳ ایک قسم کا تلخ کدو ہی ۱۲ ۴ حیوانونکے مُنھ کے اطراف ۱۲

صفحہ (۴۰)

۱ بھالیکا نوک جو لوہے سے بنایا ہو ۱۲ ۲ ایک قسم کا چھوٹا تیر ۱۲ ۳ ایک قسم کا خواب اور ستار ریشم ۱۲

صفحہ (۴۱)

ح۱ زیادہ گوشت کا وہ ٹکڑا جو عورتونکے فرج کے دو لب کے درمیان رہتا ہی ۱۲ ح۲ ٹونٹی ۱۲ ح۳ روم کے ایک مشہور بادشاہ کا نام (سکندر خوردن اسپ) یعنی اوندھا گرنا گھوڑیکا ۱۲ ح۴ بغیر پھوکل والی چیز ۱۲ ح۵ جو ہوا نیچے کی راہ سے بغیر آواز کے نکل آتا ہی ۱۲ ح۶ وہ نشانی جو ہندو صندل وغیرہ سے پیشانی پر لگاتے ہین ۱۲ ح۷ ایک طرح کا زیور ہی جو کہ عورتین پیشانی پر چپکاتی ہین ۱۲

صفحہ (۴۲)

ح۱ ایک قسم کا مشہور میوہ ہی ۱۲ ح۲ چمڑے کو صندوق کے طور پر سیکر اُسمین کپڑے نگاہ رکھتے ہین ۱۲

صفحہ (۴۳)

ح۱ حیوانات کے شکم سے دو بچے ایک دوسرے کے بعد تولد ہو دین ۱۲ ح۲ دس اور بارہ سال کی مدت کو کہتے ہین ۱۲ ح۳ ایک کیڑا ہی جو رات کے وقت چمکتی روشنی دیتا ہی ح۴ وہ ہی کہ اونٹ اور بیل اور گائے وغیرہ جو کچھ کھاتے وہ پھر مُنھ مین لاکر خوب چاب کر نگل جاتے ہین ۱۲ ح۵ وہ شخص جو دُرے مارتا ہی ۱۲

صفحہ (۴۴)

ح۱ ایک بیماری ہی جسکی وجہ سے پیشانی اور بدن کے تمام اعضا پر آماس آجاتا ہی ۱۲ ح۲ ایک مشہور شیرینی ہی ۱۲ ح۳ پستہ کے برابر ایک بیج ہی جسکے کھانے سے بہت سے اسہال ہوتے ہین ۱۲ ح۴ کثرت خواب یا خمار اور کاہلی وغیرہ سے مُنھ کا کھولنا ۱۲ ح۵ وہ تقویم جسمین ایک شخص کی تمام عمر کا حال اور احکام لکھے رہین ۱۲ ح۶ وہ رشتہ جو برہمن اپنے دوش پر سے

ڈالتے اور آتش پرست کمر کو باندھتے ہین ۱۲

صفحہ (۴۵)

لے جو چیز بطور پارے نورا اور مگس کے شمشیر اور لوہے پر نمودار ہوتا ہی ۱۲ ۲ے وہ علم جس سے ستارون کے احوال سے حوادثات پر استدلال کرتا ہی ۱۲ ۳ے ایک کیڑا ہی جب کہ بدن پر لگاتے ہین تو خون چوستا ہی ۱۲ ۴ے بمعنی نقصان ۱۲ ۵ے شروع جوانیکا ۱۲ ۶ے ایک کیڑا ہی سر کے بال اور کپڑے میلے رہنے کی وجہ سے گرتا ہی ۱۲ ۷ے ایک مشہور غلہ ہی ۱۲ ۸ے وہ شخص جو ستارون کے احوال سے حوادثات کا خبر دیتا ہی ۱۲

صفحہ (۴۶)

لے جو چیز شبکہ دار محل کی دیوار مین بنا کر اُسمین سے دیکھ لیتے ہین ۱۲ ۲ے وہ رسی جو لکڑی اور جھاڑ سے لٹکاتے ہین ۱۲ ۳ے آدھی کھائی ہوئی چیز ۱۲

صفحہ (۴۷)

لے وہ چیز جو قرص کی شکل پر کاسے کا بنا کر بجاتے ہین ۱۲ ۲ے حیوانون کے پیٹ مین رہنے کا باریک پوست ۱۲ ۳ے کپڑا یا چمڑے کا ٹکڑا جو مسافران اور فقیران وغیرہ چار گوشے اُسکے ایک جا لا کر کندھے سے لٹکا لیتے ہین ۱۲ ۴ے نام اٹھارھوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ۵ے ایجاب کا کلمہ ہی ۱۲

صفحہ (۴۸)

لے ایک قسم کا چادر ہی جو قاضیان اور عربان دوش پر ڈالتے ہین ۱۲ ۲ے ایک قسم کے جھاڑ کا پتہ ہی جسکو ابال کر قہوہ کے طور پر پیتے ہین ۱۲ ۳ے وہ شخص جسکی آنکھوں سے ہمیشہ چرک نکلا کرتا ہی ۱۲

صفحہ (۴۹)

ف۱ وہ عورت جو دوسری عورت پر چڑھکر اپنی فرج کو اُسکی فرج پر ملکر شہوت دفع کرتی ہی ۱۲ ف۲ نام پندرھوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ف۳ میٹھ پرونا ۱۲ ف۴ کاتنے کا آلہ ۱۲ ف۵ وہ چرخ جسکے ذریعہ سے پانی نکال لیتے ہین ۱۲

صفحہ (۵۰)

ف۱ بدمزاج اور درشت خو کو کہتے ہین ۱۲ ف۲ کانٹے دار ایک پھل ہی اگر جامے کے دامن وغیرہ پر لگ جائے تو نہایت دشواری سے جدا ہوتا ہی ۱۲ ف۳ ایک مشہور پرندہ ہی پانی کے کنارے پر بیٹھتا ہی وجہ تسمیہ اسکا یہ ہی اُسکا مادہ بخلاف دیگر پرندونکے وقت معہود پر حیض کرتا ہی ۱۲

صفحہ (۵۱)

ف۱ دباغت کرنے والا ۱۲ ف۲ جو مشہور ہی ۱۲

صفحہ (۵۲)

ف۱ بمعنی استخراج یعنی ایک چیز سے دوسری چیز کو باہر نکالنا ۱۲ ف۲ لوہے کے چوطے کو کہتے ہین ۱۲ ف۳ عورتین پیشاب کرکے کی جاے ۱۲

صفحہ (۵۳)

ف۱ مرغونکے بچے کو کہتے ہین ۱۲ ف۲ وہ چیز جو گھوڑے کی دُم کے بال سے بناکر اُس سے مگس رانی کرتے ہین ۱۲ ف۳ وہ چیز جو لاک اور فلزات سے بناکر منقش کرکے ہند کی عورتین ہاتھ مین پہن لیتی ہین ۱۲ ف۴ چند پر جو مرغونکے سر پر ہوتے ہین ۱۲ ف۵ بجھنے کی ایک چیز ہی ۱۲ ف۶ کسی چیز کو کپڑے کے ٹکڑے سے گذرانا ۱۲

صفحہ (۵۴)

ف۱ پانوٗن اور پیٹھ جو تھوڑے گوشت سے ہو ف۲ ایک قسم کی سواری ہی جسکو بہیل کھینچتے ہین ۱۲ ف۳ یکسو ہونا اور گوشے مین بیٹھنا ۱۲ ف۴ قطریکا ٹکڑا جو پانی سے الگ ہوتا ہی ۱۲

صفحہ (۵۵)

ف۱ ایک جانور ہی گرگٹ کے طور پر دیوارون اور چھتون مین چپکا رہتا ہی ۱۲ ف۲ چھوٹے چھوٹے دانے سیسے اور لوہے سے بنائے ہوئے جو بندوق اور توپ مین ڈالکر سر کرتے ہین ۱۲ ف۳ کپڑے کو پھاڑنا ۱۲ ف۴ لکڑی کو چیرنا ۱۲ ف۵ کپڑے کو پھاڑنا ۱۲ ف۶ دمل وغیرہ کا چیرنا ۱۲ ف۷ کاغذ اور کپڑے کا پھاڑنا ۱۲

صفحہ (۵۶)

ف۲ آنکھ کا میلا جو آنکھونکے گوشے مین جمع ہوتا ہی ۱۲ ف۱ اُس عورت کو کہتے ہین جو اب تک مرد کے پاس نہ گئی ہو ۱۲ ف۳ شکر جو مشہور ہی ۱۲ ف۴ حلال اور مباح کرنا ۱۲

صفحہ (۵۷)

ف۱ غیاث مین مطالعہ کرین چونکہ شرح اسکا نہایت بسیط ہی ۱۲ ف۲ ایک قسم کی گاڑی جو مشہور ہی ۱۲ ف۳ بمعنی کتاب اور رسالہ ۱۲ ف۴ کپڑا اور کاغذ کا ٹکڑا ۱۲

صفحہ (۵۸)

ف۱ ایک قسم کا مشہور باجا ہی ۱۲ ف۲ زیادہ آرزو لایا ہوا اور زیادہ مرغوب ۱۲ ف۳ انگور کا خوشہ ۱۲ ف۴ بمعنی ایک خوشہ گیہون اور جو وغیرہ کا کیونکہ آخر مین تائے وحدت ہی ۱۲

صفحہ (۵۹)

لے دانتوں پر دانتوں سردی کی وجہ سے گھسنا اور آواز نکل آنا ۱۲ ؎۲ دانتوں نکالنا درندے کا غصہ اور عجز وغیرہ کی حالت مین ۱۲ ؎۳ وہ بڑے دانتین جسکو ہندی مین ڈاڑھ کہتے ہین ۱۲ ؎۴ جو چیز کہ بندوق مین ڈالکر سر کرتے ہین ۱۲

صفحہ (۶۰)

لے وہ عورت جو بچے کی ولادت کیوقت اعانت کرتی ہی ۱۲ ؎۲ جو درد عورت کو بچے کی ولادت کیوقت عارض ہوتا ہی ۱۲ ؎۳ ہر چیز مین کا باریک شگاف ۱۲

صفحہ (۶۱)

لے وہ زر جو عاریت کو دیوین ۱۲

صفحہ (۶۲)

لے پانی مین ملی ہوئی مٹی جسمین سے آدمی اور حیوان کے پیر دشواریسی نکل آتے ہین ۱۲ ؎۲ طمع اور چاپلوسی وغیرہ سے کتے کا دم ہلانا ۱۲ ؎۳ وہ دوال جو گھوڑے کی دم کے نیچے رہتا ہی ۱۲

صفحہ (۶۳)

لے دوڑنے کے قریب کا چال ۱۲ ؎۲ دشمن پر بے خبر اور اچانک حملہ کرنا ۱۲

صفحہ (۶۴)

لے سات دوزخون مین سے ایک کا نام ۱۲ ؎۲ نام ساتوین دوزخ کا منجملہ طبقات دوزخ کے

صفحہ (۶۵)

ف ۱ کوئی چیز زمین کے اندر ہو جانا ۱۲ ف ۲ وہ آواز سخت جو دیوار وغیرہ کی سی گران چیز بن گرنے سے نکل آتا ہی ۱۲ ف ۳ ایک جھاڑ کا پھل ہی مخدر ۱۲ ف ۴ نام تیسوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ف ۵ بڑا نقارہ ۱۲ ف ۶ ضرب ہاتھ کا کہ کسی کے سر پر مارتے ہین ۱۲ ف ۷ جو چیز کہ کان سے حاصل ہوتا ہی ۱۲

صفحہ (۶۶)

ف ۱ وہ کمان رنگین جو برسات کے موسم مین آفتاب کے مقابل آسمان پر ظاہر ہوتا ہی ۱۲ ف ۲ ایک قسم کی رستنی ہی جو برسات کے ایام مین چھترا ور کلاہ کے موافق نکل آتا ہی ۱۲ ف ۳ وہ آلہ جس سے آگ سلگاتے ہین ۱۲ ف ۴ وہ جو مشہور ہی ۱۲ ف ۵ ساتوان حصہ ربع مسکون کا ۱۲ ف ۶ وہ چیز جس پر چراغ رکھتے ہین ۱۲

صفحہ (۶۷)

ف ۱ خاوند کے چھوٹے بھائی کو کہتے ہین ۱۲ ف ۲ خاوند کے بھائی کی عورت کو کہتے ہین ۱۲ ف ۳ ایک چمڑا ہوتا ہی جو شیشے کے سر پر باندھتے ہین ۱۲ ف ۴ بموجب شرح ۱۲ ف ۵ چار یا پانچ کوس کے دورے پر آدمی یا گھوڑے کو تیار رکھتے ہین تاکہ جو شخص چاہے جلدی سے قطع منازل کرے ۱۲ ف ۶ وہ ورق سونے اور چاندی کا جو یاقوت وغیرہ کے نیچے اُسکے رنگ کی افزائش کے لیے رکھتے ہین ۱۲ ف ۷ معنی جھاڑ کے شاخ کے ہی ۱۲ ف ۸ جھاڑ کی ڈالی اور مجازاً امرد وغیرہ کے آلۂ تناسل کو کہتے ہین

صفحہ (۶۸)

ف ۱ معنی اسکے مثل کے ہی یعنے جھاڑ کی ڈالی ۱۲ ف ۲ جھاڑ سے پھٹا ہوا نازک اور نو رستہ شاخ ۱۲ ف ۳ اسکا اطلاق شیرینی اور سپاری وغیرہ کے ٹکڑے پر ہوتا ہی ۱۲ ف ۴

پہلوانونکی ورزشون سے ایک قسم کا ورزش ۱۲ ۵ زنبور کے ڈنک کو کہتے ہین ۱۲

صفحہ (۶۹)

۱ بچھو کے ڈنک کو کہتے ہین ۱۲ ۲ ترازو کی لکڑی ۱۲ ۳ ایک قسم کی سواری ہی جسمین دولھن کو بٹھلاتے ہین ۱۲ ۴ وہ تاگا جس سے تپنگ کو اوڑاتے ہین ۱۲ ۵ پانی کھینچنے کا ڈول ۱۲ ۶ ڈیرے کی رسی ۱۲ ۷ وہ چھوٹی کشتی جو بڑی کشتی کے ہمراہ آمد ورفت کی حاجتون کے لیے رکھتے ہین ۱۲ ۸ لکڑیکا چمچہ جس سے کھانا دیگ سے نکالتے ہین ۱۲ ۹ وہ شخص جو کامون مین چالاکی نہین کرتا ۱۲ ۱۰ شست ۱۲ ۱۱ وہ شخص جسکی آنکھ ٹیڑھی ہو اور ایک چیز اُسکی نظر مین دو نظر آوے ۱۲ ۱۲ پانی ڈالنا اور بہت رونا ۱۲ ۱۳ سانچے مین سونا اور چاندی وغیرہ سے ایک پیکر بترکیب معلومہ بنانا ۱۲ ۱۴ گرانا۔ پانی بہانا۔ عاشق۔ ۱۲

صفحہ (۷۰)

۱ باربرداری کی مزدوری ۱۲ ۲ وہ عمارت جو دروازے پر بناکر اُسپر چھت بنا لیتے ہین ۱۲

صفحہ (۷۱)

۱ ایک طرح کا دھات ہی ۱۲ ۲ ایک مشہور تخم ہی ۱۲ ۳ وہ شخص جسکی انکھیان رات کو نظر آکر دنکو نہین نظر آتی ہین ۱۲ ۴ وہ تختے جنکے درمیان مین ملے رہتے ہین اور جسپر کتاب اور مصحف رکھکر تلاوت کرتے ہین ۱۲

صفحہ (۷۲)

۱ معنی خویش اور برادری کے مستعمل ہی ۱۲ ۲ جو چیز کہ گھوڑے کے زین کے

ہر دو طرف باندھکر اسپر پانؤن رکھکر سوار ہوتے اور بیٹھنے کی حالت مین پانؤن اسمین کہتے ہین ۳ اونٹ کی رکاب کو کہتے ہین ۱۲ ۴ بندوق کی وہ باروت جو بندوق کے کان کے سوراخ مین ڈالکر آگ لگاتے ہین ۱۲ ۵ وہ جاے جہان لڑائی کرتے ہین ۱۲ ۶ معنی لوہے کے سوہن کے ہی ۱۲

صفحہ (۷۳)

۱ آوازا ور بیان کے ساتھ رونا ۱۲ ۲ چمکنے والا اور پیدا ہونے والا ۱۲ ۳ روشن - سفید - اور آفتاب کے معنی ہی ۱۲ ۴ روشنی آفتاب - جاننا چاہیے کہ ضیا نور سے زیادہ قوی ہی اور نور سنا سے زیادہ قوی ہی ۱۲ ۵ نام چوتھی منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ۶ وہ چرخ جسمین کوزے باندھکر باولی سے پانی کھینچتے ہین ۱۲ ۷ ایک پھل ہی جسکے تخم سے اون اور ریشم اور سر کے بال دھوتے ہین ۱۲ ۸ پیٹھ کے درمیان کی ہڈی کو کہتے ہین ۱۲

صفحہ (۷۴)

۱ نام ستائیسوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ۲ وہ عورت جو بچہ جنی ہو ۳ ایک قسم کا مشہور میوہ ہی ۱۲ ۴ لوہے کے حلقون سے بنایا ہوا ایک لباس ہی جو لڑائی کے دن پہنتے ہین ۱۲ ۵ بعضے کہتے ہین کہ زبرجد ایک جوہر سبز رنگ زردی مائل اور وہ زمرد سے علحدہ ہی ۶ وہ زمین جسمین ناگرنہ جالائے ہون ۱۲ ۷ زراعت کی زمین اراضی - ملک - قریہ - ۱۲ ۸ زرد غیاث مین مطالعہ کرین - چونکہ اسکا شرح نہایت دراز ہی ۱۲ ۹ ایک زہر ہی سفید اور زرد اور سرخ رنگ کا جسکو ہندی مین سنکھیا کہتے ہین ۱۲

صفحہ (۷۵)

ل ایک قسم کا سانپ ہی نہایت زہردار اور یہ سانپ زمرد کے دیکھنے سے اندھا ہوجاتا ہی ۱۲ ل۲ بڑا سانپ اور اژدہا ۱۲ ل۳ دستور ہی کہ شادی کے ایک دو روز پہلے کچھ لباس اور شیرینی اور آرایش مع ٹھلیونکے دولہا کے گھر سے دولھن کے گھر بھیجتے ہین ۱۲ ل۴ وہ آلہ معمار ونکا لوہے یا پتھر کا بنا ہوا جو دھاگے مین بندھا رہتا ہی اور اُس سے دیوار کی راستی اور کجی معلوم کرتے ہین ۱۲ ل۵ سامان اور متاع ۱۲ ل۶ اسباب خانگی یونجی خانگی ۱۲ ل۷ ایک پتھر ہوتا ہی جسپر چھری اور شمشیر وغیرہ تیز کرتے ہین ۱۲ ل۸ جورو کی بہن کے خاوند کو کہتے ہین ۱۲

صفحہ (۷۶)

ل وہ شخص جو گھوڑے اور اونٹونکا علاج کرتا ہی ۱۲ ل۲ آلہ تناسل مرد کے سر کو کہتے ہین ۱۲ ل۳ وہ رنگ جن مٹی سے بناتے ہین ۱۲ ل۴ نام چوبیسوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲

صفحہ (۷۷)

ل گیہون یا جو وغیرہ کو بھونکر آٹا بناکر شکر اور پانی مین ملاکر کھاتے ہین ۱۲ ل۲ کفش گرونکا وہ آلہ جس سے سوراخ بناکر اُسمین سے سوئی نکالتے ہین ۱۲ ل۳ تمام سپید رنگ کا گھوڑا ۱۲ ل۴ سر کے بال کے درمیان مین راستہ کھولنا ۱۲ ل۵ ایک چیز ہی جو چمڑے سے سیکر گھوڑونکے سم پر لگاتے ہین ۱۲

صفحہ (۷۸)

ل سرمہ بنانیکا پتھر ۱۲ ل۲ تیسرے آسمان پر ایک ستارہ ہی ۱۲

صفحہ (۷۹)

ل اگر کوئی امیر شہر مین داخل ہووے ویا ایک دوسرے امیر کی ملاقات کے لیے

جاوے تو بین اور بند وقین جمع کرکے ایک دم یا یکے بعد دیگرے سر کرتے ہین ۱۲ ؎۲ ایک قسم کا غذا ہی جو پوریکو تہ کرکے اور گوشت یا قیمہ اُسمین رکھکر اور ڈاسکو لپیٹکر گھی مین بھونتے ہین ۱۲ ؎۳ نام بائیسوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ؎۴ کنایہ عورتونکی زینت سے اور وہ سات آرایشین خاص ہندوستان کی عورتونکی یہ ہین - پوشاک - زیور - مہندی - سرمہ - پان - مسّی - چوٹی ۱۲ ؎۵ وہ آواز نرم جو مٹی کے کورے برتن مین پانی ڈالنے و یا پانی وغیرہ کے اوبالنے سے نکل آتا ہی ۱۲ ؎۶ ساتوین آسمان پر ایک ستارہ ہی ۱۲

صفحہ (۸۰)

؎۱ معنی دود ریا یعنے آپسمین ملنے کے ہین ۱۲ ؎۲ ایک جھاڑ ہی جسکے پوست سے رسی باٹتے ہین ۱۲ ؎۳ وہ جرجھرہ بڑا جو ہنود اوزر ساوقت اپنی عبادت کے بجاتے ہین ۱۲ ؎۴ ڈالی پر ہاتھ نیچے کی طرف پھیرنا تاکہ اُسکے پتے گرجاوین ۱۲ ؎۵ ایک آلہ ہی جس سے غلہ پچھوڑتے ہین ۱۲ ؎۶ نام سولھوین منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ؎۷ وہ دھاگا جس سے معماران عمارت کو راست کرتے ہین ۱۲

صفحہ (۸۱)

؎۱ فائدہ نفع ۱۲ ؎۲ ایک دوا ہی جو آنکھونکے کام مین آتا ہی ۱۲ ؎۳ جو لکڑی ٹوٹی ہوئی دیوار وغیرہ کی پشت پر لگاتے ہین ۱۲

صفحہ (۸۲)

؎۱ ایک چیز ہی معدنی قلعی کے طور پر ۱۲ ؎۲ ایک قسم کا مشہور میوہ ہی ۱۲ ؎۳ ایک درندہ جانور ہی ۱۲

صفحہ (۸۳)

ف ۱ عصر اور مغرب کے درمیان کا وقت ۱۲ ف ۲ وہ شراب جو صبح کے وقت پی جاوے ضد غبوق کی جو شام کے وقت پیتے ہین ۱۲ ف ۳ انگور کا شراب ۱۲ ف ۴ ایکطرح کا مشہور لباط ہی ۱۲

صفحہ (۸۴)

ف ۱ تیسرے آسمان پر ایک ستارہ ہی ۱۲ ف ۲ بمعنی بدفال بدشگونی ۱۲ ف ۳ ایک قسم کا مشہور ساگ ہی ۱۲ ف ۴ عمامے کے پیچھے کی جانب کو کہتے ہین ۱۲ ف ۵ ایک قسم کا جھاڑ ہی ۱۲

صفحہ (۸۵)

ف ۱ کانچ کا وہ برتن جسمین شراب اور گلاب وغیرہ رکھتے ہین ۱۲ ف ۲ شراب کا شیشہ اور صراحی ۱۲

صفحہ (۸۶)

ف ۱ مقیش کی وہ تارین جو باہم جمع کرکے دستار پر رکھتے ہین ۱۲

صفحہ (۸۷)

ف ۱ بیمار کا خدمت اور غمخواری کرنا ۱۲ ف ۲ ایک جھاڑ کا سرخ پھل ہی جو بیر کے طور پر ہوتا ہی ۱۲ ف ۳ عورتین اور بہ امراۃ کی جمع ہی خلاف قیاس اپنے مادہ مفرد سے نہین ہی ۱۲ غ ف ۴ ایک کمان ہوتا ہی جس سے مہرہ اور گلولہ ڈالتے ہین ۱۲ ف ۵ وہ مہرہ اور گلولہ جو کمان گروہہ سے ڈالتے ہین ۱۲ ف ۶ افتخار - آرائش - نفع - طمع - امید ۱۲

صفحہ (۸۸)

ف ۱ ایک جامہ ہی جو چھاتی پر پہن لیتے ہین ۱۲ ف ۲ ایک پرندہ ہی مادہ طاؤس کے

مشابہ ۱۲ ۳ ایک مشہور پرندہ ہی ۱۲ ۴ مثل شطرنج کے ایک طرح کا پشمینی لباس ہی ۱۲ ۵ زیارت کی جاے اکثر اس لفظ کا اطلاق قبر پر ہوتا ہی ۱۲

صفحہ (۸۹)

۱ بھنا ہوا گوشت ۱۲

صفحہ (۹۰)

۱ وہ قینچی جس سے سنار سونا وغیرہ کترتے ہین ۱۲ ۲ سفیدی ہر چیز کی اور نہین لکھا ہوا سادہ کاغذ ۱۲ ۳ ایک جھاڑ کا پوست ہی مشہور ۱۲ ۴ تلوار اور چھری وغیرہ کا میان ۱۲ ۵ ایک مشہور بیج ہی ۱۲

صفحہ (۹۱)

۱ جنگلی کبوتر ۱۲ ۲ وہ ڈبہ چمڑے کا جو تیل کیواسطے بناتے ہین ۱۲ ۳ ریشمی کپڑا ۱۲ ۴ وہ پنبہ جس مین سے دانہ جدا کیے ہون ۱۲ ۵ کُتے کی صورت کا ایک حیوان ہی کہ پانی مین رہتا ہی ۱۲ ۶ مادہ کُتا ۱۲ ۷ وہ شخص جو کہ عورتونکو مردونکو لادیتا ہی یعنی دلال ۱۲

صفحہ (۹۲)

۱ وہ جو اونٹ کی پیٹھ پر باندھتے اور اُسمین دو شخص مقابل بیٹھتے ہین ۱۲ ۲ ایک زہردار دوا ہی ۱۲ ۳ گیہون یا جو کا جھاڑ جو سبز ہو ۱۲ ۴ چار دانت آگے کے یعنی دو اوپر دو نیچے کے ۱۲ ۵ لوہے کا وہ آلہ جس سے زمین زراعت کے لیے کھودتے ہین ۱۲ ۶ گھوڑے کی بدہضمی کو کہتے ہین ۱۲ ۷ مرغی کا انڈے دیتے وقت آواز کرنا ۱۲

صفحہ (۹۳)

ف ۱ ایک قسم کا زاک ہی کہ جب آگ پر ڈالکرا ور بعد ازان پیسکر پولاد پر ملتے ہین تو جوہر پیدا ہوتا ہی ۱۲ ف ۲ ایک مشہور رنگ ہی ۱۲ ف ۳ فاحشہ اور بدکار عورت اور یہ مشہور لفظ ہی ۱۲ ف ۴ نام تیسری منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ف ۵ ایک آلہ ہی جس سے دیگ سے کف نکال لیتے ہین ۱۲ ف ۶ ایک چیز ہی جو تانبے سے بناکر ملمع کرکے گنبد کے سر پر نصب کرتے ہین ۱۲

صفحہ (۹۴)

ف ۱ ماش کے طور پر ایک قسم کا غلہ ہی ۱۲ ف ۲ بہت نرم کمان اور لیزم جو پہلوان ہلاتے ہین اور چلہ اسکا لوہے کا ہوتا ہی ۱۲

صفحہ (۹۵)

ف ۱ ایک مرض ہی جس سے آنکھین اور بدن زرد ہوتے ہین ۱۲ ف ۲ زر خالص کو کہتے ہین ۱۲ ف ۳ جنگلی کوا ۱۲ ف ۴ پانیکا نیا گھڑا ۱۲ ف ۵ نیم تن سر سے کمر تک ۱۲ ف ۶ جھاڑا ہوا خس اور خاشاک ۱۲

صفحہ (۹۶)

ف ۱ وہ مکان جسمین رہکر اپنے دشمنون سے جنگ کرتے ہین ۱۲ ف ۲ آستین وغیرہ کا حاشیہ ۱۲ ف ۳ جو کہ نخ ابریشم سے بنتے اور انگرکھے وغیرہ کے دامن اور گریبان پر ٹانکتے ہین ۱۲ ف ۴ دودھ شریک یعنی دو بچے جنھون نے ایک دایہ کا دودھ پیا ہو ۱۲ ف ۵ جوان عورت جو اب تک مرد کے پاس نہ گئی ہو ۱۲

صفحہ (۹۷)

ف۱ کھوٹا سکہ ۱۲ ف۲ نمکین ۱۲ ف۳ ایک قسم کی ترکاری جسکو اکثر کچی کھاتے ہین ۱۲ ف۴ لوہے کی کھونٹی ۱۲ ف۵ ایک آلہ بطور شانے کے ہوتا ہی جس سے گھوڑونکو مالش کرتے ہین ۱۲ ف۶ جو چیز کہ ہموار نہو ۱۲ ف۷ وہ زمین جو زراعت کے لیے مہیا کی ہو ۱۲ ف۸ چرا ہوا ناخن جیسا گاے بکری اور ہرن وغیرہ کا برخلاف سم گھوڑا اور گدہا اور گورخر وغیرہ کے ۱۲

صفحہ (۹۸)

ف۱ ایک قسم کی غذا ہی جو چاول کو دودھ مین پکاتے ہین ۱۲ ف۲ وہ گوے اور غار جو پہاڑ مین ہوتا ہے ۱۲ ف۳ وہ ٹڈی جو دماغ پر ہی ۱۲ ف۴ ساعد اور بازو کے نبد کی جلے کو کہتے ہین ۱۲ ف۵ وہ جو تل وغیرہ کا تیل نکالنے کے بعد رہجاتا ہی ۱۲ ف۶ وہ مشہور سفید کپڑا جو روئی سے بنایا جاتا ہی ۱۲ ف۷ ایک مشہور آلہ ہی ۱۲ ف۸ ایک قسم کے جھاڑ کا شیرین پھل جو مشہور ہی ۱۲

صفحہ (۹۹)

ف۱ ایک کیڑا ہی جو ریشمی کپڑیکو کھاجاتا ہی ۱۲ ف۲ ایک دراز کیڑا ہوتا ہی جو آنتونکے اندر متکون رہتا ہی ۱۲ ف۳ چراغ کے فتیلے کے موافق ایک قسم کا سرخ کیڑا ہی جو نمناک زمین مین متکون رہتا ہی ۱۲ ف۴ موجود زمانہ + رقص اور وجد ۱۲ ف۵ ایک قسم کا مشہور جھاڑ ہی ۱۲ ف۶ وہ مٹی اور کیچڑ جو حوض اور نہر کی تہ مین ہو ۱۲ ف۷ نمناک خاک ۱۲ ف۸ باردار حیوان کو کہتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۰۰)

ف۱ ایک قسم کا رستنی دوا ہی ۱۲ ف۲ چھوٹا شہر یا بڑا گانؤن ۱۲ ف۳ مشہور ہی ۱۲ ف۴ عموماً بار شکم حیوانات کو کہتے ہین ۱۲ ف۵ ایک قسم کی تیغ ہی عصا کے معاوضہ مین

ہاتھ مین پکڑتے ہین ۱۲ ۶ ہر ایک پھل کے دانے کو کہتے ہین ۱۲ ۷ خراب پانی ۱۲
۸ آدھا پکا ہوا میوہ ۱۲ ۹ ایک مرغ ہی مردار خوار ۱۲ ۱۰ نر گرس اور مرے کو کہتے ہین ۱۲ ۱۱ وہ حالت جو کہ انگلیان ہلانے سے بغل کے نیچے اور تلون مین عارض ہوتی ہی ۱۲

صفحہ (۱۰۱)

۱ کپڑے کی وہ چندی جو عورتین حیض پاک کرنے کے لیے رکھتی ہین ۱۲ ۲ کپڑے کی وہ چندی جو تہ کرکے زخم کے سر پر رکھکر عصابہ اسپر باندھتے ہین ۱۲ ۳ نصارون کا عبادت گاہ ۱۲ ۴ زیور وغیرہ کا بنانا جسکی ترکیب مشہور ہی ۱۲ ۵ کپڑونکی وہ تصویرین جو بچے بناکر کھیلتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۰۲)

۱ منھ کے ہر دو جانب کے گوشے ۱۲ ۲ گلاب کے پھول کا عرق ۱۲ ۳ ایک قسم کا مشہور پھول ہی ۱۲ ۴ وہ جو چراغ کی بتی سے نکالا جاتا ہی ۱۲

صفحہ (۱۰۳)

۱ وہ شخص جس کے سر کے بال ایک مشہور بیماری کی وجہ سے نکل گئے ہون ۱۲
۲ انجنیر کے موافق ایک جھاڑ کا پھل جو مشہور ہی ۱۲ ۳ ایک قسم کے جھاڑ کا گوند ہی ۱۲

صفحہ (۱۰۴)

۱ ایک قسم کے بڑے گوپھن جو ایک مضبوط لکڑی پر لگاتے اور اسمین بڑے بڑے پتھر رکھکر قلعہ کی دیوار پر مار کر دیوار کو توڑتے ہین ۱۲ ۲ گوہ آدمی کا جو نہایت موٹا اور سخت ہو ۱۲ ۳ لید گھوڑے وغیرہ کی ۱۲ ۴ راود کھلانے والا اور لازم آوے

جکے جاننے سے جاننا دوسری چیز کا ۱۲ ف۵ نگاہ رکھنے کی گولی جو مشہور ہی ۱۲ ف۶ وہ سرخی جو گشت زخم کے بدن پر منود ہوجاتی ہی ۱۲ ف۷ مشہور جانور ہی اکثر کتے وغیرہ جانور کے بدن پر چمٹے ہین ۱۲ ف۸ گھوڑے کا بچہ ۱۲ ف۹ سبز رنگ کا گھوڑا ۱۲ ف۱۰ مشکی گھوڑا ۱۲

صفحہ (۱۰۵)

ف۱ ایک چیز ہی جو بیل وغیرہ کے گلے مین باندھتے ہین اور جس سے آواز نکلتا ہی ۱۲ ف۲ حصول شئے کی جگہ جیسے ملکی زمین اور جاگیر اور کھیتی اور دکان کہ یہ سب محل حصول مال اور زر کے ہین ۱۲ ف۳ وہ جاے جو دشمنونکے انتظار مین بیٹھین ۱۲ ف۴ دریا اور نہر سے پانی پینے کی جاے ۱۲ ف۵ بلند مکان ۱۲ ف۶ شہ نشین - محل - ۱۲ ف۷ محل پختہ عمارت - ۱۲ ف۸ گدہے کی موٹی آواز کو کہتے ہین ۱۲ ف۹ گدہے کی باریک آواز کو کہتے ہین ف۱۰ سوکھی گھانس ۱۲

صفحہ (۱۰۶)

ف۱ زخم کو کہتے ہین ۱۲ ف۲ وہ گھاؤ جو فساد کی طرف کھینچا گیا ہی ۱۲ ف۳ چھوٹا دنگل ۱۲ ف۴ پہاڑ کا راستہ ۱۲

صفحہ (۱۰۷)

ف۱ وہ شخص جو نازمین نشو و نما پایا ہو ۱۲ ف۲ ایک چیز ہی جپپان جس سے پرندون کو گرفتار کرتے ہین ۱۲ ف۳ تسلیم کیا گیا - مانا گیا ۱۲ ف۴ وہ ایک چیز ہی گوند کی سی جس سے مُہر کرتے ہین ۱۲ ف۵ ایک مشہور رعد ہی ۱۲ ف۶ وہ لباس جو بادشاہ یا امیر کسی کو بخشین اور وہ تین پارچے سے کم نہون ۱۲

صفحہ (۱۰۸)

ف۱ ایک مرغ ہی فاختہ سے زیادہ چھوٹا کنجشک کا شکار کرتا ہی ۱۲ ف۲ چند یک بال کو جو

یکجا فراہم ہوئے ہون ۱۲ ف۳ طور اور روش ۱۲ ف۴ بمعنی کارزار ۱۲ ف۵ لشکر گاہ جنگ گاہ ۔ جنگ ۱۲ ف۶ بمعنی خصومت ۱۲

صفحہ (۱۰۹)

ف۱ ف۲ جلانیکی سوکھی لکڑی ۱۲ ف۳ شکار پر کتے کو برانگیختہ کرنا ۱۲ ف۴ لوہے کی وہ چیز جس سے کشتی کو روک دیتے ہین ۱۲ ف۵ موٹا اور دراز قضیب کو کہتے ہین ۱۲ ف۶ ہاتھی اور اونٹ کا قضیب ۱۲ ف۷ لومڑی کے قضیب کو کہتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۱۰)

ف۱ جسکے ہاتھ پاؤن دونون حرکت نکر سکین ۱۲ ف۲ پانیکا رو ۱۲ ف۳ کان کی لو ۱۲ ف۴ خالص اور سرخ خون ۱۲ ف۵ وہ خون جو سیاہی مائل ہوتا ہی ۱۲ ف۶ تازہ خون ۱۲ ف۷ خشک خون ۱۲ ف۸ ایک قسم کا بیش بہا جواہر ہی ۱۲

صفحہ (۱۱۱)

ف۱ پانی یا روغن مین ملا ہوا وہ دوا جو پتلا ہو اور جسکو اعضا پر ملتے ہین ۱۲ ف۲ پانی یا روغن مین ملا ہوا وہ دوا جو غلیظ ہو اور جسکو اعضا پر ملتے ہین ۱۲ ف۳ موٹا یا گندہ بنجایہ ۱۲ ف۴ وہ نرم اور سست کمان جسپر کمان کھینچنے کی مشق کرتے ہین ۱۲ ف۵ وہ عورت جسکو خدمت اور گھر کے کام کے لیے نوکر رکھتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۱۲)

ف۱ ایک مشہور غلہ ہی ۱۲ ف۲ وہ راستہ جو عورتین سر کے بال کے درمیان کھولتی ہین ۱۲ ف۳ ایک قسم کا مشہور پھل ہی ۱۲ ف۴ مسکہ نکالنے کے لیے دہی کو جنبش کرنا ۱۲ ف۵ وہ لکڑی جس سے مسکہ نکلنے کے لیے دہی کو مالش کرتے ہین ۱۲

ل۶ مدے کی ایک طرح کی حالت جو مشہور ہی ۱۲ ل۷ ایک دانہ ہی مدور اور پہلودار ۱۲

صفحہ (۱۱۳)

ل۱ مشہور ہی ۱۲ ل۲ عورتین بیٹھنے کی ڈولی جو کہار لوگ کندھے پر اُٹھاتے ہین ۱۲
ل۳ ہرن کا چمڑا جو فقیرین اپنے ہان رکھتے اور جس پر بیٹھتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۱۴)

ل۱ نام پانچوین منزل کا منازل قمر سے ۱۲ ل۲ لاش مردے کی جو دفن کرنیکو لیجاوین ۱۲
ل۳ ایک مرض کا نام ہی جو اپنے مریض کو زمین پر گراتا ہی ۱۲ ل۴ نلی بجانے کی ۱۲ ل۵ شیشے کا
ایک قسم کا فانوس ۱۲ ل۶ وہ چھوٹے دانے جو انسان کے جسم پر نکل آتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۱۵)

ل۱ ایک مشہور غلہ ہی ۱۲ ل۲ ایک مشہور آلہ ہی سطرین کھینچنے کا ۱۲ ب۳ کشتی کا کھم ۱۲ ل۴
ل۵ تیزی شہوت کی ۱۲ ل۶ ایک طرح کا پلنگ پردہ دار جسکو مچھرونکی حفاظت کے لیے بناتے ہین ۱۲
ل۷ مشہور ہی ۱۲ ل۸ ضروریات تیاری عمارت مثل چوب اینٹ وغیرہ ۱۲

صفحہ (۱۱۶)

ل۱ ضروریات کھانیکی جیسے زیرہ اور لونگ وغیرہ ۱۲ ل۲ شہد کی مکھی ۱۲

صفحہ (۱۱۷)

ل۱ نام ایک منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ل۲ وہ روٹی جو ٹکڑے ٹکڑے کرکے
شکر مین ملاکر کھاتے ہین ۱۲ ل۳ ایک مشہور چڑیا ہی ۱۲ ل۴ ماموں کی عورت کو کہتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۱۸)

ل۱ وہ دن جو دوشنبہ کے بعد آتا ہی ۱۲ ل۲ ایک ستارہ ہی پانچوین آسمان پر ۱۲

ف۳ بمعنی رو ۱۲ ف۴ مشہور لفظ ہی ۱۲ ف۵ وہ بڑا بازار جہان سے چیزین خرید کر
دوسرے بازارون مین بیچتے ہین ۱۲ ف۶ بت جو پتھر اور اور چیزونکے بناتے ہین ۱۲ ف۷
بت - فارسی دان خوبصورتی کی مناسبت سے معشوق پر اطلاق کرتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۱۹)

ف۱ مور کے پر کو ایک جا ایک لکڑی مین باندھکر اُس سے مکھیان ہکاتے ہین ۱۲ ف۲ ان
نام ایک منزل کا منجملہ منازل قمر کے ۱۲ ف۳ بڑے موتی ۱۲ ف۴ ایک جھاڑ ہی جسکے تخم سے
تیل نکالتے اور اُسکے پھول کو کھاتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۲۰)

ف۱ وہ چیز جس سے کاغذ اور جامہ وغیرہ پر صیقل کرتے ہین ۱۲ ف۲ ایک قسم کی آتش بازی ہی
جسکی روشنی چاند کی روشنی کی سی ہوتی ہی ۱۲ ف۳ کشت زار کے اطراف کی بلندی جو
حفاظت کے لیے رہتا ہی ۱۲ ف۴ وہ پتھر جو فرش وغیرہ کے اطراف ہوا اُسکو نہ اٹھا سکنے کے لیے
رکھتے ہین ۱۲ ف۵ بلی کی آواز کی حکایت ۱۲

صفحہ (۱۲۱)

ف۱ سفید اور خالص آٹا جو مشہور ہے ۱۲ ف۲ ایک مشہور تخم ہی زرد رنگ ۱۲ ف۳
بکرا اور ہرن اور اونٹ کے پلید کو کہتے ہین ۱۲ ف۴ ذکر کے سوراخ کو کہتے ہین ۱۲ ف۵ وہ مرد
جو عورت کے کام کا نہو ۱۲

صفحہ (۱۲۲)

ف۱ ناک کی نرم نوک ۱۲ ف۲ ایک چیز ہی جس سے طنبور کے تار کو حرکت دیتے ہین ۱۲
ف۳ بیٹی کا بیٹا ۱۲

صفحہ (۱۲۳)

ا بازیگر و نٹ کا ایک قوم ہے جو بلند لکڑیان زمین پر نصب کرکے رسیان باندھکر اسپر طرح طرح کی بازیان کرتے ہین ۲ دم کے نکلنے کی جاے ۱۲

صفحہ (۱۲۴)

ا وہ مشہور تسمہ جو گھوڑے کے سر پر لگاتے ہین ۱۲ ۲ وہ خون جو ناک سے نکلتا ہے ۱۲
۳ وہ چھوٹی نلی جسپر جولاہے سوت لپیٹ کر نال رکھکے کپڑے بنتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۲۵)

ا یعنی اول فروردین اور وہ پہونچنا آفتاب کا برج حمل میں اور آغاز بہار ۱۲ ۲ نوروز کی رات ۱۲ ۳ ایک اوزار ہے مشہور کہ لوہار اور کسار وغیرہ اسپر لوہا اور تانبا رکھکر مارتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۲۶)

ا نورسیدہ غلہ اور میوہ کو کھانا ۱۲ ۲ وہ نشان جس سے کہ سپاہیان اور غیر پہچانے جاتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۲۷)

ا پنجہ ہاتھ کا ۱۲

صفحہ (۱۲۸)

ا ہرن کا بچہ ۱۲ ۲ نام تیرھوین منزل کا منازل قمر سے ۱۲ ۳ باتین کو نمین زبان گرفتہ بولنا ۱۲
۴ وہ شخص جو بت گتا ہو ۱۲

صفحہ (۱۲۹)

ف۱ ایک مشہور مرغ ہی استخوان خوار اور اُسکا سایہ جسپر گرتا ہی وہ بادشاہ ہوتا ہی ۱۲ ف۲ وہ ہڈی جو گردن کے نیچے اور سینے کے اوپر ہوتی ہی ف۳ مشرق سے چلنے والی ایام بہار کی ہوا ۱۲ ف۴ نرم ہوا ۱۲ ف۵ ہوا موافق ۱۲ ف۶ سخت اور سرد ہوا ۱۲ ف۷ ایک تیر ہی جسکو باروت سے بھر آگ لگاکر ہوا پر سر دیتے ہین ۱۲

صفحہ (۱۳۰)

ف۱ وہ لڑکا جسکے والدین مرگئے ہون ۱۲ ف۲ وہ لڑکا جسکی مان مرگئی ہو ۱۲

خاتمۃ الطبع ازجانب کارپردازان مطبع

بعد حمد و نعت طلبۂ علم دوست کی خدمت مین التماس ہی کہ چونکہ علم لغت ایک بحر زخار ہی اور ہر مبتدی و منتہی اسکا خواستگار ہی اسی سبب سے صدہا کتابین اس فن شریف مین عربی و فارسی و اُردو علماے دہر اور کملاے عصر نے تصنیف فرمائین اور اکثر اُنمین سے معرض طبع مین بھی آئین لیکن جملہ کتب لغات مین سے کوئی کتاب سواے نفائس اللغات کے ایسی نہین ہی جسمین لغت ہندی و اُردو سے شروع کیا ہو اور بعدہٗ اُسکے اُسی لغت کی عربی و فارسی و ترکی بھی لکھی ہو۔ پھر نفائس اللغات بھی ایک بسوط کتاب ہی اور اُسمین لغات اسطرح کے بھی بھرے ہین جنکا عملدرآمد روزمرہ نہین ہوتا۔ اور اُسکی تہذیب بیان بھی خلاف طریقہ سہل ہی یعنی ہر لغت سر سطر سے شروع نہین ہی اور اس طرز مین یہ بڑی دقت ہی کہ اگر کسی لغت کو تلاش کرو تو جلد نہین نکلتا۔ لہذا اکثر حضرات اس امر کے متمنی تھے کہ کوئی کتاب ایسی تصنیف ہو جسمین لغت ہندی سر سطر سے شروع ہو اور اُسکے ہم معنی لغات فارسی و عربی جسقدر رہون سب بیان کردیے جائین اور نیز جو لغات مستعملۂ روزمرہ ہندی نفائس اللغات مین فروگذاشت ہوگئے ہین وہ بھی درج ہون پس اب اُن حضرات کو بشارت

ہوجاتی ہی کہ اس زمان فرحت اقتران مین اس امر اہم کا انصرام عالی جناب معلی القاب علام فہام گوہر شبچراغ تاج غنوری صدر نشین بزم معنی پروری ماہر و عالم متبحر جناب راجہ راجیسور راو اصغر خلف اکبر جناب راجہ اودا پت راو بہادر نے اپنی ذمت والا ہمت پر لیا اور جس طرز کی کتاب کا زمانہ شائق تھا اُس سے بھی بہتر کتاب کو بڑی محنت اور جانکاہی سے تصنیف فرماکر نام اسکا کہ جو اسم بامسمیٰ ہی نجم اللغات رکھا فی الواقع جب حضرات ناظرین اس کتاب نادر کو ملاحظہ فرمائینگے تالیفات کہن کو مثل تقویم پارینہ بھول جائینگے اور حضرت مصنف کی محنت کی داد دینگے۔ الحمد للہ کہ یہ کتاب نایاب حسب فرمائش حضرت مصنف مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین بماہ ستمبر ۱۸۹۹ء طبع ہوکر مطبوع طبائع خاص و عام ہوئی

انتباہ

التماس۔ منجانب مصنف و مؤلف **نجم اللغات** و **گلدستۂ مصوری** اہل بصیرت کی خدمتمین التماس ہی کہ ان کتابون مین اگر کوئی غلطی طبع وغیرہ ملاحظہ سے گذرے تو براہ مہربانی بحسب نقشۂ مرقوم ذیل اغلاط کی خانہ پری کرکے ارسال فرماوین کہ طبع ثانی کیوقت اصلاح کرایا جاوے۔ اور پتہ یہ ہی۔ (بذریعۂ ٹپہ خانہ کاما ریڈے ضلع اندور علاقۂ حیدرآباد دکن در سمستھان دومکنڈہ بہ برسد)

نام کتاب	صفحہ	سطر	غلط	صحیح

اشتہار
گلدستۂ مصوری

(مبصران نوآئین کو مژدہ) (نظارگیان باریک بین کو نوید)

کہان ہین فن مصوری کے خواستگار؟ اور کدھر ہین علم فوٹوگرافی کے طلبگار؟ فن فوٹوگرافی
جو کہ نازک ترین فنون سے ہی (جسکو اہل یورپ کی دقیقہ سنجی اور نازک خیالی نے نہایت ہی
اعلے درجہ پر پہونچایا) وہ کون ہین جو اس صنعت کی صفت مین تر زبان و رطب اللسان ہون؟
اور وہ کون ہین جو ایسے دل بہلانے والی عروس فن کا شائق و دلدادہ نہین ہین چنے
بعض دانش پژوہ طبیعتون نے اس فن کے حاصل کرنیکی کوششین کین اور حاصل
بھی کیا جس سے وہ واقفیت نکات فن انھین ہی تک محدود رہی لاکن ہنوز پبلک کی اطلاع
کے لیے نہ کوئی ایسی کتاب لکھی اور نہ کچھ کیا جس سے عموماً ہر خواندہ شخص کی تشفی اور
رہبری ہوتی - از انجا کہ آج کل ہمنے اپنے ملکیون کو اس فن کے اصول و قواعد وافی
کیجانب زیادہ تر ملتفت و راغب پایا اور ہر شخص کو اسکی ماہیت کی پرسش مین سرگرم دیکھا لہذا
انکے مفید اور مزید اطلاع کے لیے ایک رسالہ **گلدستۂ مصوری** نام جو کہ تمام اصول
و قواعد فن و نیز نکات و نکتہ جات کا حاوی ہی مع تشریحات و توضیحات اور اس فن کے ہر ایک
آلات اور اوزارات کے نقشہ جات عمدہ سے عمدہ ولایتی نقشہ جات کے مقابل چھپے ہین
گویا ہر ایک چیز بعینہٖ مطالعہ کنندون کے سامنے دھرا ہی الحق مصنف ہمہ دان نے عجب کام کیا
گویا دریا کو کوزے مین بھر دیا اور ایسے مشکل فن کو اس آسانی سے عام فہم اردو زبان مین بیان کیا
جس سے تھوڑے سے تھوڑے ہر اردو خوان بھی مستفید ہو سکے لہذا کوئی کارخانہ اور کوئی دفتر
اور کوئی گھر حتے کہ کوئی شخص اس کتاب کے بغیر نہ رہنے چاہیے چونکہ گاہے کسی مصور کی لی ہوئی

تصویر پر نظر پڑتی ہی کیسا تعجب اور آسچرج معلوم ہوتا ہی اور اگر آپ اپنے ہی ہان یہ کتاب رکھکر مطالعہ کرینگے تو کیون ایسے خیالات پیدا ہو سکتے ہین اور ہمین اسکی تعریف کرنی ہرگز منظور نہین چونکہ ہر منصف مزاج آپ ہی آپ اسکی عمدگی کا فیصلہ کریگا اب وہ شاہد ہر صفت کردہ بہ لباس و زیور انطباع مخلع ہوکر جلوہ نمائے محفل نظارگیان ہوا چاہتا ہی با این ہمہ صرف رونمائی کے لیے (۵ ر) کا طالب - خرچہ آمد ذمہ خریدار اور پتہ ہائے ذیل سے دستیاب ہو سکتی ہین -

پتہ

مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ محلہ حضرت گنج متصل ڈاکخانہ سرکاری - لکھنؤ -

مطبع مشیر دکن واقع بازار رزیڈنسی حیدر آباد دکن -

شاپ شیخ ابراہیم اینڈ کمپنی واقع گلزار حوض حیدر آباد دکن -

کشنکر راؤ متصدی سمستھان ودکنندہ ٹپہ خانہ کاما ریڈے ضلع اندور علاقہ حیدر آباد دکن -

مطبع مقنن دکن واقع چیچلگوڑہ حیدر آباد دکن -

شاپ عبد الرزاق اینڈ کو واقع چار کمان حیدر آباد دکن -

شاپ بائبل بک اینڈ اسٹیشنری ڈپو متصل ریلوے اسٹیشن سکندر آباد دکن -